# BOARD QUESTION PAPER - 2017

5 سوال۔1 درج ذیل میں صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھئے۔

ا۔ حضرت عائشہ کے اخلاق کا سب سے ممتاز جوہر تھا۔

(الف) خودداری (ب) فضول خرچی

(ج) انصاف پسندی (د) طبعی فیاضی

۲۔ صالحہ عابد حسین کا اصلی نام تھا۔

(الف) کوثر فاطمہ (ب) ثریا جہاں

(ج) مصداق فاطمہ (د) نور جہاں

۳۔ احمد ندیم قاسمی کے افسانوں کا مجموعہ ہے۔

(الف) آبلے (ب) خالی بوتل خالی ڈبے

(ج) روشنی کس جگہ سے کالی ہے (د) باسی پھول

۴۔ گاؤں کی لاج کے مصنف ہیں۔

(الف) سراج انور (ب) مولوی عبدالحق

(ج) علی عباس حسینی (د) رشید احمد صدیقی

۵۔ جگت موہن لال کا تخلص ہے۔

http://www.mpboardonline.com

(الف) رواں (ب) محروم

(ج) سحر (د) نسیم

**جواب:۔** (۱)د (۲)ج (۳)الف (۴)ج (۵)الف

5 سوال۔2 درج ذیل خالی جگہوں کو دیئے گئے الفاظ کی مدد سے پر کیجئے۔

میٹرک ، ہندوستان ، ناآشنا ، فرد ، ماضی

ا۔ پپوٹے بند تھے مگر ذہن میں پھر ............... کے دریچے کھلتے رہے تھے۔

۲۔ ہمارے زمانہ تعلیم میں ............... بہت بڑی ڈگری سمجھی جاتی تھی۔

۳۔ وہ کبھی اپنے باپ کے گھر کا ایک ............... نہ بن سکی۔

۴۔ انھوں نے عہد کیا تھا کہ وہ غلام ............... میں واپس نہیں جائیں گے۔

۵۔ ایک ایسی بیٹی جو سولہ برس تک ان کی صورت سے ............... رہی تھی۔

**جواب:۔** (۱) ماضی (۲) میٹرک (۳) فرد (۴) ہندوستان (۵) ناآشنا

سوال۔3 درج ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں دیجئے۔ 5

۱۔ اردو کی تاریخ کتنی پرانی ہے ؟

۲۔ اردو میں کن زبانوں کے اثرات پائے جاتے ہیں ؟

۳۔ ہندوستان کی تہذیب کیسی ہے ؟

۴۔ ہندو شعراء اپنے دیوان مرتب کرتے وقت اولین صفحات پر کس کو جگہ دیتے تھے ؟

۵۔ دو ہندو شعراء کے نام لکھئے جنہوں نے اردو میں شاعری کی ہے۔

**جواب:۔** (۱) تقریباً ایک ہزار سال (۲) عربی، فارسی اور ہندوی زبانوں کے اثرات پائے جاتے ہیں (۳) مشترکہ تہذیب ہے جسے گنگا جمنی تہذیب بھی کہا جاتا ہے (۴) حمد و نعت کو (۵) تلوک چند محروم ، پنڈت رتن ناتھ سرشار ، دیاشنکر نسیم

سوال۔4 درج ذیل میں صحیح رابطہ قائم کر کے لکھئے۔ 5

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| ۱۔ سیتا جی کی آہ وزاری | الف) نظم |
| ۲۔ جگنو | ب) ساحر لدھیانوی |
| ۳۔ عورتوں سے باتیں کرنا | ج) سرور جہاں آبادی |
| ۴۔ لڑی میں موتی پرونا | د) سکندر علی وجد |
| ۵۔ عبدالحی | ھ) غزل |

**جواب:۔** (۱) ج (۲) د (۳) ھ (۴) الف (۵) ب

سوال۔5 درج ذیل جملوں کو پڑھ کر ان کے سامنے صحیح اور غلط کا نشان لگایئے۔ 5

۱۔ میر تقی میر نے اردو غزل کی نئی روایت کو جنم دیا۔ (   )

۲۔ تیرہ بختی کا تعلق دن سے ہے۔ (   )

۳۔ فراق نے آنکھوں کے اشاروں کو شرح حیات کہا ہے۔ (   )

۴۔ شاعر کے مطابق شعار زیست سے مراد زندگی گزارنے کا طریقہ ہے۔ (    )

۵۔ شفا گوالیاری بے غرض زندگی نہیں چاہتے۔ (    )

**جواب:۔** (۱)صحیح (۲)غلط (۳)غلط (۴)صحیح (۵)غلط

2 سوال۔6 حمرا کو انگلستان میں رہنا کیوں پسند نہیں تھا ؟

یا۔

بودھ راج کا مزاج تبدیل ہونے کی کیا وجہ تھی ؟

2 سوال۔7 خراب رزلٹ کا لڑکیوں پر کیا اثر ہوتا ہے ؟

یا۔

فضول اور ادنیٰ کتابیں پڑھنے کی دو طفلانہ وجوہات لکھئے۔

2 سوال۔8 مصنف نے چادر سے کیا کام لیا ؟

یا۔

مصنف رشید احمد صدیقی کی پہلی دعوت کس نے کی تھی ؟

نوٹ: ذیل میں اقتباس کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے ہوئے سوالوں کے جواب دیجئے۔

http://www.mpboardonline.com

اقتباس:

لکھن پور میں دو زمیندار رہتے تھے۔ ایک کا نام امراؤ سنگھ اور دوسرے کا دلدار خان تھا۔ دونوں بدیسی راج کے خطاب یافتہ ہیں۔ امراؤ سنگھ کو انگریزوں نے رائے صاحب بنا کر، اور دلدار خان کو خان صاحبی دے کر ممتاز کیا تھا۔ کہتے ہیں کہ ایک میان میں دو تلوار اور ایک مملکت میں دو سلطان نہیں رہتے لیکن لکھن پور میں رائے صاحب اور خان صاحب دونوں رہتے تھے۔ دونوں خاندانی رئیس تھے۔ دونوں کے مزاج میں گھمنڈ اور غرور تھا دونوں کو اس بات کی فکر تھی کہ میری بات اور مونچھ اونچی رہے۔

سوالات:

2 سوال۔9 اس اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھئے۔

2 سوال۔10 امراؤ سنگھ اور دلدار خان کو انگریزوں نے کس طرح ممتاز کیا تھا ؟

2 سوال۔11 عبارت کی سلیس اردو لکھئے۔

4 سوال۔12 حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی شجاعت اور دلیری کن واقعات سے ظاہر ہوتی ہے ؟

یا۔

قومی رہنما کی حیثیت سے حکیم صاحب کی (حکیم اجمل خاں کی) خدمات پر روشنی ڈالئے۔

سوال-13 درج ذیل مصنفین میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات تحریر کیجئے۔ 4

ا۔ مولوی عبدالحق صاحب ۲۔ رشید احمد صدیقی ۳۔ صالحہ عابد حسین

سوال-14 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کنہیں دو اشعار کی تشریح کیجئے۔ 4

(ا) ان لبوں نے نہ کی مسیحائی
ہم نے سو سو طرح سے مر دیکھا

(۲) ہم نے بھی وضع غم بدل ڈالی
جب سے وہ طرزِ التفات گئی

(۳) مدت سے خبر ملی نہ دل کو
شاید کوئی بات ہو گئی ہے

سوال-15 شاعر شکیل بدایونی کے دل کو کس کا سہارا ہے ؟ 2

یا۔

شاعر نے جگنوں کو ہیرا کیوں کہا ہے ؟

سوال-16 ''آتش نفس'' شاعر نے کس کی ذات کے لئے کہا ہے ؟ 2

یا۔

ساحر لدھیانوی کون کون سے رسائل کے ایڈیٹر (مدیر) رہے ؟

سوال-17 محروم نے مذہب کی کیا خوبی بیان کی ہے ؟ 2

یا۔

رواں نے اپنی رباعی میں کس بات پر زور دیا ہے ؟

سوال-18 درج ذیل بند میں سے کسی بھی ایک بند کی تشریح مع حوالے کے لکھئے۔ 4

(ا) کہو کہ آج بھی ہم سب اگر خموش رہے
تو اس دمکتے ہوئے خاک داں کی خیر نہیں
جنوں کی ڈھالی ہوئی ایٹمی بلاؤں سے
زمین کی خیر نہیں آسماں کی خیر نہیں

(۲) دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی
ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی

جو آ کے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا

جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

4 سوال۔19 سوالنامہ میں آئے اشعار کو چھوڑ کر کسی بھی نظم کی چار لائن لکھئے۔ جو آپ کے نصاب میں شامل ہو۔

2 سوال۔20 اردو کی تہذیبی جڑوں کی تلاش کن بنیادوں پر کی جا سکتی ہے ؟

یا۔

سکھوں کے مشہور گرودوارے کی بنیاد کس نے رکھی تھی ؟

2 سوال۔21 اردو کو کثیر اللسان کیوں کہا گیا ہے ؟

یا۔

نظیر اکبرآبادی کیوں مشہور ہوئے ؟

2 سوال۔22 صنعت تضاد کی تعریف لکھئے۔

یا۔

درج ذیل الفاظ کے مذکر، مؤنث لکھئے۔ (کوئی چار)

نوکر ، والدہ ، ابّا ، جوگن ، چوہیا ، محترمہ

2 سوال۔23 درج ذیل الفاظ کے معنی لکھئے۔ (کوئی چار)

دستور ، رنجش ، ہجوم ، حیات ، مسرت ، اندیشہ ، اعتراف ، لب ، چمن ، الم

یا۔

مندرجہ ذیل الفاظ میں سے کوئی چار کے متضاد (ضد) لکھئے۔

غم ، فیاض ، رحم دل ، برائی ، بدصورت ، کشادہ دستی

4 سوال۔24 درج ذیل محاوروں میں سے کسی دو محاورے کا مطلب لکھتے ہوئے جملے میں استعمال کیجئے۔

۱۔ سبز باغ دکھانا ۲۔ جوئے شیر لانا

۳۔ آستین کا سانپ ہونا ۴۔ دم دبا کر بھاگنا

یا۔

درج ذیل رموز و اوقاف کی علامتوں کے نام لکھئے۔ (کوئی دو)

(   )“ ”()؟(   (؛)   (،)

5 سوال۔25 درج ذیل جملے صحیح کیجئے۔

۱۔ وہ غریب گاؤں بھر کا بیٹی ہے۔

۲۔ بچے بابا نور کے قریب آ گئی تھے۔ بابا نور ہنسنے لگی۔

یا۔

درج ذیل الفاظ کے واحد اور جمع بنائیے۔ ( کوئی پانچ )

احکام ، امتحانات ، جنگلات ، فقرا ، خبر ، پیغام ، مذہب ، احساس

سوال۔26 اپنے والد صاحب کو خط لکھ کر امتحان کی تیاری کی تفصیل بیان کیجئے۔ 5

یا۔

مناسب وجہ بتاتے ہوئے پرنسپل صاحب کو فیس معافی کی درخواست لکھئے۔

سوال۔27 درج ذیل عنوانات میں سے کسی بھی ایک عنوان پر تقریباً ۳۰۰ الفاظ میں مضمون لکھئے۔ 10

۱۔ سائنس کے بڑھتے قدم ۲۔ پسندیدہ قومی رہنما ۳۔ اخبارات کی اہمیت

۴۔ کوئی دلچسپ سفر ۵۔ کمپیوٹر کا استعمال اور فائدے ۶۔ کوئی تہوار

سوال۔28 نیچے لکھے گئے غیر درسی اقتباس کو پڑھ کر پوچھے گئے سوالوں کے جواب دیجئے۔

ہندوستان رنگ برنگے میلوں اور تہواروں کا دیس ہے۔ شاید ہی کوئی مہینہ گزرتا ہو جب ہم تہوار نہ مناتے ہوں۔ تہواروں کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ وہ زندگی کی یکسانیت اور اکتاہٹ دور کرتے ہیں۔ ان کی خوشی اور دلچسپی میں کھو کر ہم اپنے دکھ اور پریشانیاں بھول جاتے ہیں۔ ہندوستان کے خاص تہواروں میں دسہرہ، دیوالی، عید، ہولی اور کرسمس ہیں۔ دیوالی ایک مذہبی اور تاریخی واقعہ کی یادگار ہے۔ اسی دن رام چندر جی اپنی جلاوطنی کے چودہ سال کاٹ کر ایودھیا واپس آئے تھے۔ اسی خوشی میں ہر سال گھر گھر دیپ جلائے جاتے ہیں۔

<u>سوالات:</u>

۱۔ ہندوستان کو کیسا دیس کہا گیا ہے اور کیوں ؟ 1

۲۔ تہواروں سے کیا فائدے ہیں ؟ 1

۳۔ ہندوستان کے خاص تہواروں کے نام لکھئے۔ 1

۴۔ دیوالی کا تہوار کس واقعہ کی یادگار ہے ؟ 1

۵۔ دیوالی کے موقع پر لوگ خوشی کا اظہار کس طرح کرتے ہیں ؟ 1

..........☆..........